# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 07 JUL 2024

Page No. 1


# زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی، وفاق کا حکومت بلوچستان کیساتھ معاہدہ

## 70 فیصد اخراجات وفاق اور 30 فیصد صوبائی حکومت برداشت کریگی، وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

### زمینداروں کو 6 گھنٹے بجلی فراہم کی جائے، وزیراعظم سے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی ویڈیو لنک اجلاس میں درخواست

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان کے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے متعلق امور کو حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ دو روز کے دوران وفاقی وزارت توانائی کی ٹیم بلوچستان کا دورہ کرے گی اور اس سلسلے میں حکومت بلوچستان کے ساتھ باقاعدہ معاہدہ کیا جائے گا جس کے تحت زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی پر منتقلی کے لیے 70 فیصد اخراجات وفاقی حکومت اور 30 فیصد صوبائی حکومت برداشت کرے گی۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے اس بات کو یقینی بنائے گی کہ صوبے میں جس جس جگہ پر ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کیا جارہا ہے وہاں کیسکو کے فیڈر سے بجلی کی سپلائی منقطع ہو اور صوبائی حکومت اس سلسلے میں صوبائی اسمبلی بلوچستان سے باقاعدہ قانون سازی کرنے کے لیے ایکٹ بھی پاس کریگی۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے فقدان کے باعث زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی ناگزیر ہے اس عمل سے سبسڈی کی مد میں خرچ ہونے والے اربوں روپے کی بچت ہوگی، وزیراعلیٰ نے اس موقع پر وزیراعظم سے درخواست کی کہ جب تک اس اہم منصوبے پر عمل درآمد ہوتا ہے زمین داروں کو چھ گھنٹے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ وزیراعلیٰ نے وزیراعظم کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے لیے ان کی دلچسپی صوبائی حکومت کے لیے باعث تقویت ہے اور وزیراعظم کی ان خصوصی کاوشوں کے باعث یقیناً اس اہم منصوبے پر جلد عمل درآمد پر پوری طرح سے ممکن ہوگا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ، وزیر زراعت، پارلیمانی سیکرٹری توانائی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے متعلق اجلاس میں وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 07 JUL 2024 Page No. 2



QUETTA: Chairman Senate Standing Committee on Aviation Abdul Quddus Bizenjo calls on Governor Balochistan Jaffar Khan Mandokha on Saturday.

# Governor stresses steps to improve gas supply in Balochistan

**Staff Report**

QUETTA: Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail has said that Balochistan has been supplying natural gas to other provinces of the country for more than half a century, but despite this many of its own districts are still deprived of gas facilities. Serious and concrete measures are needed to improve this sad situation.

He said that if it is difficult to include the gas-deprived districts in the existing system immediately, it is necessary to arrange the supply of LPG gas as an alternative.

He expressed these views while talking to the GM of Sui Southern Gas Company Farooq Ahmed Khan at the Governor's House, Quetta. On this occasion, the governor of Balochistan was briefed by Sui Southern Gas Company regarding the gas supply situation in the province and the complaints of gas consumers. During the briefing, the governor of Balochistan said that gas consumption is high in winter season, but the load shedding of gas in summer season is beyond understanding.

He said that the complaints of over-billing from most of the consumers are common and he said that the speed of the newly installed gas meters is unusually high compared to the old gas meters. Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail directed to end the undeclared loadshedding of gas immediately.

Governor Balochistan said that in the winter season, fatal gas accidents also happen in the provincial capital Quetta. Special safety measures should be taken to prevent these accidents. Along with this, a campaign of public awareness should also be conducted.

The governor of Balochistan said that Balochistan has been a good facilitator in the past several decades in terms of gas supply to other provinces, so the people of Balochistan should be given special concessions in this matter.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

Bullet No. 1

Page No. 5

اتوار 07 جولائی 2024ء


# بلوچستان میں کھیلوں کو فروغ دیکر دہشتگردی کو شکست دینگے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

## کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کے زیر انتظام سائیکلنگ کمپیٹیشن کی تقریب میں شرکت ، بلوچستان میں ہر ماہ ایک فیسٹیول کے انعقاد کا بھی اعلان

## یوتھ پالیسی کی تشکیل میں نوابزادہ جمال خان رئیسانی کی کاوشوں کو سراہتے ہیں جلد نوابزادہ شہید سراج خان رئیسانی فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کھیلوں کو فروغ دیکر دہشت گردی کو شکست دیں گے نوجوانوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں میں مصروف رکھیں گے کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کے زیر انتظام سائیکلنگ کمپیٹیشن کی تقریب میں شرکت کے موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ کیلئے پورے سال کا کلینڈر مرتب کیا گیا ہے بلوچستان میں پہلی یوتھ پالیسی متعارف کرانے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنا ہوگی انہوں نے کہا کہ یوتھ پالیسی کی تشکیل میں نوابزادہ جمال خان رئیسانی کی کاوشوں کو سراہتے ہیں جلد نوابزادہ شہید سراج خان رئیسانی فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جائے گا اور اس کے ساتھ ساتھ شہید پروفیسر ناظمہ طالب کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد بھی کیا جائے گا اور ہر ماہ ایک فیسٹیول کا انعقاد بھی کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ صوبے کی یوتھ ہمارا اثاثہ ہے اور صوبائی حکومت ترجیحی بنیادوں پر اپنے نوجوانوں کے لیے خصوصی اقدامات کے سلسلے کو جاری رکھے گی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام سائیکلنگ ریس کی مختلف کیٹگریز میں پہلی، دوسری، اور تیسری پوزیشن لینے والے سائیکلسٹ کو کیش پرائز و انعامات دے رہے ہیں




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام سائیکلنگ ریس میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی خواتین کو کیش پرائز و انعامات دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز اتوار 07 جولائی 2024ء بمطابق 30 ذی الحجہ 1445ھ | شمارہ نمبر 185


# ترقیاتی کاموں کی رفتار سے مشروط خود احتسابی کے تحت اپنا جائزہ لینگے وزیر اعلیٰ

**کسی کو ماخلاف قانون پریشر نہ لیں، جملہ امور میں میرٹ کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے، بدانتظامی کو ختم کرکے ہمیں درست سمت میں آگے بڑھنا ہوگا، غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی لانی ہوگی**

**ہے، ایسا کوئی بھی عمل قابل مواخذہ ہوگا، ماضی میں تمام محکموں کے اندر غیر ضروری بھرتیاں کی گئیں، اکثر ملازمین ڈیوٹی دینے کو تیار نہیں، سب گھر بیٹھے تنخواہوں کے طلبگار ہیں، اجلاس سے خطاب**

...سے ہوا ہے خود احتسابی کے ...ن واخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سال جائزہ لیں گے کہ پورے سال ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح کیا رہی اور اہداف کے حصول میں ہم کہاں تک کامیاب رہے الحمدللہ وعدے کے مطابق تاریخ میں پہلی بار یکم جولائی کو ترقیاتی منصوبوں کا ٹینڈرنگ پراسس شروع کردیا گیا ہے عمومی حالات میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے ہفتے میں دو دن خود صوبائی دارالحکومت اور اندرون بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں کا دورہ کروں

بقیہ نمبر 41 صفحہ 5 پر

گا وزراء اور سیکریٹریز بھی متواتر فیلڈ وزٹ کرکے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیتے رہیں تمام محکموں میں فنڈز کا اجراء کام کی رفتار سے مشروط ہوگا ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے ذمہ دار محکمے کسی بھی قسم کا کوئی خلاف قانون پریشر نہ لیں جملہ امور میں میرٹ کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے فزیکل پراگرس کے برعکس فنڈز کا اجراء سنگین جرم اور بے ضابطگی ہے ایسا کوئی بھی عمل قابل مواخذہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں ترقیاتی بجٹ پر عمل درآمد اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے مون سون سیزن کے انتظامات سے متعلق دی جانے والی بریفنگ اور جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ اور ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان نے علیحدہ علیحدہ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں پر بلا تاخیر عمل درآمد شروع کردیا گیا ہے جبکہ مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات مکمل کرلئے گئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محکمہ پی اینڈ ڈی اور محکمہ فنانس کو بااختیار، جوابدہ اور فعال بنائیں گے دونوں محکمے براہ راست عوامی مفاد عامہ سے تعلق رکھتے ہیں یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ دونوں محکموں کے وزراء عوامی اور محکمہ جاتی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور مسائل کا مستقل حل چاہتے ہیں انکی دونوں محکموں کی بہتر کوآرڈینیشن اور فعالیت کی بدولت ایک عام بلوچستانی کو بنیادی سہولیات کے بہتر ثمرات مل سکتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام محکموں کی مجموعی کارکردگی جانچنے کے لئے صوبائی حکومت جوابدہی اور خود احتسابی کا عمل شروع کررہی ہے بدانتظامی کا خاتمہ کرکے ہمیں درست سمت میں آگے بڑھنا ہوگا غیر ترقیاتی اخراجات میں بتدریج کمی لانی ہوگی اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی جیسے اداروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے وسائل بڑھانے ہوں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں تمام محکموں میں غیر ضروری بھرتیاں کی گئیں دوسری جانب ملازمین کی اکثریت ڈیوٹی دینے کے لئے تیار نہیں، سب گھر بیٹھے تنخواہوں کے طلب گار ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو سرکاری ملازمین کے سروس رولز میں ضروری ترامیم کی سفارشات مرتب کرنے کا حکم دیتے ہوئے اس ضمن میں خصوصی اجلاس طلب کرنے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ انکوائریز کی موٹی موٹی فائلیں غیر قانونی امور میں ملوث عناصر کا کچھ نہیں بگاڑ پاتیں اس کے لئے لازم ہے کہ موثر قوانین مرتب کئے جائیں تاکہ غیر قانونی امور اور لوٹ مار میں ملوث عناصر کا محاسبہ کیا جاسکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محکموں کی فعالیت کے لئے جزا و سزا اور کام چوروں کی برطرفی ضروری ہے ایک عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی کے لئے محکموں کو فعال کرکے گڈ گورننس کا حقیقی نظام لانا ہوگا اور تمام تر مصلحتوں سے بالاتر ہوکر ایک عام بلوچستانی کے لئے سوچنا ہوگا ہر شعبہ زندگی میں میرٹ کو یقینی بنانا ہوگا اور درست جگہ پر درست فرد کا تقرر کرکے ڈلیور کرنا ہوگا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے تحت سائیکلنگ ریس میں شامل خواتین سے بات چیت کررہے ہیں

---

INTEKH...

**...م الحق نے ایمرجنسی آپریشن سینٹر ...ان کے کوارڈینیٹر کا چارج سنبھال لیا**

...ن لائن ) انعام الحق نے ایمرجنسی آپریشن ...ستان کے کوارڈینیٹر کا چارج سنبھال کر کا ...دیا وہ اس سے قبل چیف سیکرٹری بلوچستان ...ر ایڈیشنل سیکرٹری اسٹاف کے عہدے ...ر انجام دے رہے تھے انعام الحق نے اپ...ل سنبھالنے کے بعد بلوچستان کے علا...

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.



www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | اتوار 07 جولائی 2024ء بمطابق 30 ذی الحج 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-183



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نئے مالی سال کے ترقیاتی بجٹ پر عمل درآمد اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# ترقیاتی منصوبوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں تمام محکموں کی کارکردگی جانچنے کیلئے جوابدہی و خوداحتسابی کا عمل شروع کریں گے


سرفراز بگٹی

## صوبائی حکومت کی کارکردگی کا امتحان عملاً نئے مالی سال کے آغاز سے ہوا ہے خود احتسابی کے لئے مالیاتی نظم ونسق اور آمدن و اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سال جائزہ لیں گے

## تمام محکموں میں فنڈز کا اجراء کام کی رفتار سے مشروط ہوگا ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے ذمہ دار محکمے کسی بھی قسم کا کوئی خلاف قانون پریشر نہ لیں

## محکموں کی فعالیت کے لئے جزاء و سزا اور کام چوروں کی برطرفی ضروری ہے ایک عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی کے لئے محکموں کو فعال کرکے گڈ گورننس کا حقیقی نظام لانا ہوگا، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کا امتحان عملاً نئے مالی سال کے آغاز سے ہوا ہے خود احتسابی کے لئے مالیاتی نظم ونسق اور آمدن و اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سال جائزہ لیں گے کہ پورے سال ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح کیا رہی اور اہداف کے حصول میں ہم کہاں تک کامیاب رہے الحمدللہ وعدے کے مطابق تاریخ میں پہلی بار یکم جولائی کو ترقیاتی منصوبوں کا ٹینڈرنگ پراسس شروع کردیا گیا ہے عموی حالات میں ترقیاتی منصوبوں (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ترقیاتی بجٹ پر عملدرآمد اور مون سون سیزن کے انتظامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کا جائزہ لینے کیلئے ہفتے میں دو دن خود صوبائی دارالحکومت اور اندرون بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں کا دورہ کروں گا وزراء اور سیکرٹریز بھی متواتر فیلڈ وزٹ کرکے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیتے رہیں تمام محکموں میں فنڈز کا اجراء کام کی رفتار سے مشروط ہوگا ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے ذمہ دار محکمے کسی بھی قسم کا کوئی خلاف قانون پریشر نہ لیں جملہ امور میں میرٹ کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے فزیکل پراگرس کے برعکس فنڈز کا اجراء سنگین جرم اور بے ضابطگی ہے ایسا کوئی بھی عمل قابل مواخذہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں ترقیاتی بجٹ پر عمل درآمد اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے مون سون سیزن کے انتظامات سے متعلق دی جانے والی بریفنگ اور جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ بابر خان، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں سیکرٹری خزانہ اور ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان نے علیحدہ علیحدہ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں پر بلا تاخیر عمل درآمد شروع کردیا گیا ہے جبکہ مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات مکمل کرلئے گئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محکمہ پی اینڈ ڈی اور محکمہ فنانس کو بااختیار، جوابدہ اور فعال بنائیں گے دونوں محکمے براہ راست عوامی مفاد عامہ سے تعلق رکھتے ہیں یہ ہماری خوش

قسمتی ہے کہ دونوں محکموں کے وزراء عوامی اور محکمہ جاتی مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور مسائل کا مستقل حل چاہتے ہیں انہی دونوں محکموں کی بہتر کوآرڈینیشن اور فعالیت کی بدولت ایک عام بلوچستانی کو بنیادی سہولیات کے بہتر ثمرات مل سکتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام محکموں کی مجموعی کارکردگی جانچنے کے لئے صوبائی حکومت جوابدہی اور خود احتسابی کا عمل شروع کررہی ہے بدانتظامی کا خاتمہ کرکے ہمیں درست سمت میں آگے بڑھنا ہوگا غیر ترقیاتی اخراجات میں بتدریج کمی لانی ہوگی اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی جیسے اداروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنے وسائل بڑھانے ہوں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماضی میں تمام محکموں میں غیر ضروری بھرتیاں کی گئیں دوسری جانب ملازمین کی اکثریت ڈیوٹی دینے کے لئے تیار نہیں، سب گھر بیٹھے تنخواہوں کے طلب گار ہیں کچلاک کی ایک آر ایچ سی کا وزٹ کیا گیا تو ڈاکٹرز سے لیکر چوکیدار تک غیر حاضر پائے گئے دفاتر بند اور تالے زنگ آلود ہوچکے تھے باعث افسوس ہے کہ کئی کئی سالوں سے عوامی نوعیت کے سرکاری اداروں کو تالے پڑے ہوئے ہیں دوسری جانب عالم یہ ہے کہ درجہ چہارم سے لیکر افسر تک عادی غیر حاضر ملازمین کی برطرفی میں رائج الوقت رولز حائل ہیں اور دیدہ دلیری سے خلاف ضابطہ امور میں ملوث اور غیر حاضری کے مرتکب کسی بھی درجے کے ملازم کی فوری برطرفی ممکن نہیں سرکاری محکمے میں بھرتی آسان جبکہ برطرفی مشکل ترین عمل ہے سروس رولز کو بہتر بنا کر جزاء و سزا کا عمل ضروری ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. L

Page No. 9

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | اتوار 07 جولائی 2024ء بمطابق 30 ذی الحجہ 1445ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 185


# محکموں کی فعالیت کیلئے جزا اور سزا اور غیر حاضر ملازمین کی برطرفی ضروری ہے، سرفراز بگٹی

**حکومت جوابدہی اور خود احتسابی کا عمل شروع کر رہی ہے غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی وسائل بڑھانے ہوں گے، سرکاری کھاتے میں بھرتی آسان، برطرفی مشکل ترین عمل ہے، فنڈز کا اجراء کام کی رفتار سے مشروط ہوگا**

**بلوچستان کی بہتری کیلئے گڈ گورننس کا حقیقی نظام لانا ہوگا، ذمہ دار محکمے کسی قسم کا خلاف قانون پریشر نہ لیں محکمہ پی اینڈ ڈی اور خزانہ کو بااختیار اور جوابدہ بنا رہے ہیں، وزیراعلیٰ کا گھوسٹ اور دوہری ملازمت کرنے والوں کیخلاف کارروائی کا حکم**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کا امتحان عملاً

**نئے مالی سال کے آغاز سے ہوا ہے خود احتسابی کے**

لئے مالیاتی نظم و نسق اور آمدن و اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ سال جائزہ لیں گے کہ پورے سال ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کی شرح کیا رہی اور اہداف کے حصول میں ہم کہاں تک کامیاب رہے الحمد اللہ وعدے کے مطابق تاریخ میں پہلی بار یکم جولائی کو ترقیاتی منصوبوں کا ٹینڈرنگ پراسس شروع کر دیا گیا ہے عمومی حالات میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے ہفتے میں دو دن خود صوبائی دارالحکومت اور اندرون بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں کا دورہ کروں گا وزراء اور سیکرٹریز بھی متواتر فیلڈ وزٹ کر کے ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیتے رہیں تمام محکموں میں فنڈز کا اجراء کام کی رفتار سے مشروط ہوگا ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد کے ذمہ دار محکمے کسی بھی قسم کا کوئی خلاف قانون پریشر نہ لیں جملہ امور میں میرٹ کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے فزیکل پراگرس کے برعکس فنڈز کا اجراء سنگین جرم اور بے ضابطگی ہے ایسا کوئی بھی عمل قابل مواخذہ ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں ترقیاتی بجٹ پر عمل درآمد اور پی ڈی ایم اے کی جانب سے مون سون سیزن کے انتظامات سے متعلق دی جانے والی بریفنگ اور جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میر ظہور بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ بابر خان، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں سیکرٹری خزانہ اور ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان نے علیحدہ علیحدہ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ترقیاتی منصوبوں پر بلاتاخیر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے جبکہ مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں



کوئٹہ، وزیراعظم کی زیرصدارت بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے متعلق منعقدہ اجلاس میں وزیراعلیٰ بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی مشترکہ مفادات کونسل اجلاس کی تیاریوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 07 JUL 2024

Page No. 10



QUETTA: Chief Minister Balochistan Sarfraz Bugti chairs a meeting to review implementation of budget and arrangements for monsoon rains on Saturday.

# Existing rules hinder employees dismissal: CM

## Says recruitment is easy but dismissal of any employee is difficult

APP

QUETTA: Existing rules hinder habitual absentee employees dismissal, deplores CM Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti on Saturday deplored that existing rules are the main stumbling block in the dismissal of habitual absentee eamployees, from grade four to officers.

"Recruitment is easy but dismissal is difficult; no one is willing to perform their duties in the province," he said during a review meeting to discuss the implementation of the development budget and the monsoon season preparations by the Provincial Disaster Management Authority.

Expressing his annoyance over unnecessary recruitment and prevailing trend of not performing diligently in the government offices, the Chief Minister said, "Unnecessary recruitments were made in the past, this trend will be discouraged at any cost. Most employees are not willing to perform their duties and demand salaries while sitting at home." remarked the Chief Minister.

He underlined the need for reform in government sector recruitment, stating, "Improving service rules and enforcing a system of rewards and punishments is necessary." The Chief Minister ordered the Services and General Administration Department to draft comprehensive regulations for government employees. Immediate action and dismissal of slackers are essential for a system of rewards and punishments. He also ordered action against ghost employees and those holding dual jobs. "The province cannot be run like a fish market," stated Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti.

The Chief Minister has issued orders for a separate meeting to discuss amendments to service rules and actions against individuals with dual jobs. "The performance test for the Balochistan government began with the new fiscal year," stated Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti. "I will visit development projects twice a week for review," he added, emphasizing that ministers and secretaries should also conduct regular field visits to monitor the implementation of development projects.

The Chief Minister warned that releasing funds without corresponding physical progress is a serious crime and will be dealt with accordingly. He further noted that fund disbursement will be conditioned by the pace of work, and no political pressure should be entertained. Stressing the need for accountability, he said the Planning and Development Department and the Finance Department will be empowered and held accountable.

To assess performance, the provincial government is initiating a process of accountability and self-evaluation. Prominent attendees included Provincial Minister for Planning and Development, Zahoor Buledi, Provincial Minister for Finance, Mir Shoaib Noshairwani, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Secretary Finance Babar Khan, and DG PDMA Jehanzaib Khan.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

11

Bullet No. 1

Dated: 07 JUL 2024 Page No.


## وفاقی وزیر خزانہ: صوبوں کیساتھ مشاورت سے فارم ہاؤسز اور بڑے گھروں پر ٹیکس لگائینگے

جذباتی تقریر تو ہر کوئی کرسکتا مگر گراؤنڈ پر کام مشکل، اضافی وزارتیں بند کردینی چاہئیں، بجٹ پر تاجروں کی سفارشات کو دیکھیں گے

اگر آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہونا ہے تو ایکسپورٹ لیڈ ہونا ہوگا، براہ راست بیرونی سرمایہ کاری لانا ہوگی، اورنگزیب کا خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا ہے مشکل فیصلوں کی وجہ سے انڈسٹری مشکل میں ہے تاہم بجٹ پر تاجروں کی سفارشات کو دیکھیں گے، لاہور...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

میں ایف پی سی سی آئی آفس میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ اورنگزیب نے کہا جذباتی تقریر تو ہر کوئی کرسکتا مگر گراؤنڈ پر کام مشکل ہے، ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریشو کو اگلے 2،3 سال میں 13 فیصد پر لیکر جانا ہے، سب تسلیم کرتے ہیں مگر کہتے ٹیکس نہ لگائیں، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، نگران حکومت کے اقدامات کی ہمیشہ تعریف کی، مشکل فیصلوں کی وجہ سے انڈسٹری مشکل میں ہے، اضافی وزارتیں بند کردینی چاہئیں، کسی کو سپیڈ منی نہ دیں، ایف بی آر سے رابطہ نہ کریں، اصلاحات کو آسان کرنا ہوگا، اصلاحات کرکے بہتری لائیں گے، اورنگزیب نے کہا انفورسمنٹ ہوگی تو اضافی ٹیکس اکٹھا ہوگا، لیکن حکومتی اخراجات کو روکنا ہوگا، کہا تنخواہ نہیں لے رہے لیکن مراعات لے رہے ہیں تو کافی نہیں، پی ایس ڈی پی کو بھی کم کیا، پنشن بڑا بوجھ ہے، اخراجات میں کمی ناکارہ محکمے بند کرنے سے ہوگی، بجٹ کو وسیع النظری میں دیکھنے کی ضرورت ہے، بجٹ پر تاجروں کی سفارشات کو دیکھیں گے اور صنعتکار کے تحفظات کو ضرور دیکھیں گے

## بلاول بھٹو زرداری نے جیالوں کے دل جیت لئے، علی مدد جتک

بلاول بھٹو زرداری کے دوروں سے پارٹی ایک بار پھر مضبوط اور فعال ہوگی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان کا دورہ کرکے جیالوں کی دل...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

جیت لیے اور ان کی حوصلہ افزائی ہوگئی ہے ان کے دورے سے پارٹی ایک بار پھر مضبوط اور فعال ہوگی پیپلز پارٹی غریب عوام کی پارٹی ہے پارٹی نے ہر دور میں ہر فورم پہ عوام کے لیے آواز اٹھائی ہے بلاول بھٹو زرداری صوبے کے نوجوان نسل کے ساتھ مل کر صوبے کے نوجوانوں کے مسائل کو حل کریں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی عہدیداروں و کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری بلوچستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں اور پاکستان پیپلز پارٹی اور بلوچستان کے لوگوں کا رشتہ کئی نسلوں پر محیط ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی صوبے کے تمام مسائل اچھی طرح سمجھتی ہے پاکستان پیپلز پارٹی واحد جمہوری پارٹی ہے جو جمہوریت پر یقین رکھتی ہے اور اس کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں

## محرم میں انٹرنیٹ بندش کیلئے صوبوں کی درخواست پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا، وزارت داخلہ

وزیراعظم کے دفتر سے بھی اس معاملے پر کسی قسم کی کوئی ہدایت جاری نہیں کی گئی، ترجمان

اسلام آباد (م ڈ) محرم میں انٹرنیٹ بندش کیلئے صوبوں کی درخواست پر ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا، وزارت داخلہ وزارت داخلہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ محرم الحرام میں انٹرنیٹ بند کرنے کے حوالے سے صوبوں کی درخواست مسترد کرنے کی خبریں درست نہیں۔ ترجمان وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ صوبوں کی طرف سے درخواستوں پر وزارت داخلہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ وزیراعظم کے دفتر سے بھی اس معاملے پر کسی قسم کی کوئی ہدایت...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

جاری نہیں کی گئی۔ وزارت داخلہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ابھی کسی صوبے کی درخواست منظور کی ہے نہ مسترد، اس معاملے پر قیاس آرائیوں سے پرہیز کیا جائے۔ خیال رہے کہ پنجاب میں محرم الحرام کے دوران سوشل میڈیا پر پابندی لگانے کی سفارش کی گئی تھی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے محرم الحرام کے دوران صوبے میں سوشل میڈیا پر پابندی لگانے کی سفارش کی تھی جس کے لئے وفاقی سیکرٹری داخلہ کو مراسلہ بھجوایا گیا۔ مراسلے میں سفارش کی گئی کہ کابینہ کی قائمہ کمیٹی برائے امن و امان کے فیصلے کی روشنی میں پنجاب میں 6 سے 11 محرم الحرام تک سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی سروسز معطل کی جائیں۔

## کمیٹیاں اپنے علاقوں کیلئے ملکر کام کریں گی، نور محمد دمڑ

ٹیوب ویلوں کی فعالیت کیلئے ہر علاقے سے ایک کمیٹی بنائی جائے گی

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ ایک روزہ دورے پر اپنے حلقے زیارت پہنچے جہاں ان کا کلی کچھ، احمدون، کوگی، سنگنی اور دیگر علاقوں کے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

معتبرین اور معززین نے والہانہ اور شاندار طریقے سے استقبال کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے زیارت میں اپنے حلقے کے مختلف علاقوں میں جاری اسکیمات کا معائنہ کیا جبکہ لوگوں نے انہیں اپنے علاقے کے درپیش مسائل سے آگاہی فراہم کی جن میں غیر فعال ٹیوب ویل، بجلی لوڈشیڈنگ، سولر سسٹم، سڑکوں کی تعمیر، دور دراز علاقوں سے اسکولوں میں آنے والے طلباء کیلئے بسوں کا انتظام، غیر فعال اسکول اور بی ایچ یو اور دیگر پچھلے جاری اسکیمات کے تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر صوبائی وزیر خوراک نے علاقے کے مسائل کو تفصیل سے سننے کے بعد انکو جلد حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کرائی صوبائی وزیر خوراک نے معتبرین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آب نوشی کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد از جلد فعال کرنے کیلئے ہر علاقے سے ایک کمیٹی بنائی جائے گی اور یہ کمیٹیاں ملکر بلاتعصب اور بلا رنگ و نسل اپنے علاقوں کیلئے ملکر کام کریں گی اور صوبائی حکومت کی جانب سے علاقے کے بند ٹیوب ویلوں کیلئے جو فنڈز مختص کی گئی ہے

INTEKHAB QUETTA

## صدر نے بوائز سکاؤٹس کے صوبائی کمشنر کے تقرر نامے پر دستخط کردیئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے چیف سکاؤٹس و صدر مملکت آصف زرداری نے بلوچستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کی صوبائی کونسل کی سفارش اور چیف کمشنر پاکستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن سرفراز قمر ڈاھا کی تائید پر امان اللہ کنرانی کی اگست 2023 سے دو سال کیلئے صوبائی کمشنر بلوچستان بوائز سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے منتخب ہونے کی تقرر نامے پر دستخط کرکے ان کو اس عہدے پر فائز کردیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 07 JUL 2024 Page No. 12


## کوہ سلیمان رینج اور شمال مشرقی بلوچستان میں موسلادھار بارشوں کا امکان ندی نالوں میں سیلاب کا خطرہ

ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، بارکھان کے پہاڑی سلسلے میں موسلادھار بارشیں ہوسکتی ہیں جس سے لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے

48 گھنٹوں میں کوئٹہ، زیارت، قلات، خضدار، آواران، نصیر آباد، جھل مگسی، ڈیرہ بگٹی، کچھی، پشین، لورالائی میں بارش کا امکان

کوئٹہ (خ ن) موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق کوہ سلیمان رینج اور شمال مشرقی بلوچستان کے گردونواح میں موسلادھار بارشوں سے شیرانی کے مقامی ندی نالوں میں سیلاب آسکتا ہے۔ ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، لورالائی اور نصیر آباد کے اضلاع میں......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

لینڈ سلائیڈنگ ہوسکتی ہے۔ اگلے 48 گھنٹوں کے دوران ژوب، شیرانی اور بارکھان میں لینڈ سلائیڈنگ کے زیادہ امکانات ہیں۔ تمام متعلقہ حکام اور لوکل انتظامیہ کو خبردار کیا جاتا ہے کہ مناسب اقدامات کریں۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران دن کے وقت صوبے کے بیشتر اضلاع میں گرد آلود ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔ ژوب، بارکھان، شیرانی، موسیٰ خیل، لورالائی، کوئٹہ، زیارت، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، لسبیلہ، نصیر آباد، کوہلو، خضدار، پشین، قلعہ عبداللہ اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل اور بارکھان کے پہاڑی سلسلے میں مختلف مقامات پر موسلادھار بارشیں ہوسکتی ہیں اور اس دوران لینڈ سلائیڈنگ بھی ہوسکتی ہے۔ آنے والے 48 گھنٹوں کے دوران کوئٹہ، زیارت، ژوب، بارکھان، شیرانی، موسیٰ خیل، قلات، خضدار، آواران، نصیر آباد، جھل مگسی، سبی، ڈیرہ بگٹی، کچھی، پشین، لورالائی، قلعہ عبداللہ، قلعہ میں تیز ہواؤں اور آندھی و گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

## شہریوں سے پیسے بٹورنے والا محکمہ تعلیم کا جونیئر کلرک معطل

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ تعلیم بلوچستان کے جاری اعلامیے کے مطابق طارق مرہٹہ بگٹی کے خلاف شکایات پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی جانب سے سامنے آئی تھیں جس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پیسے بٹورنے والے اہلکار کی نشاندہی کا حکم دیا تھا، ابتدائی نشاندہی میں .......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

طارق مرہٹہ نامی اہلکار سامنے آیا تھا جو محکمہ تعلیم بلوچستان میں جونیئر کلرک تھا، کلرک کو معطل کرتے ہوئے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر کوئٹہ کو انکوائری افسر مقرر کیا گیا ہے

## محکمہ مواصلات و تعمیرات کی سوشل میڈیا کی خبر کی تردید

5.5 کلو میٹر پر ارتھ ورک ہوا ہے 9 انچ کے مذید تین لیرز ہونگے

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع مستونگ کی جانب سے گزشتہ روز سوشل میڈیا پر چلنے والی اس خبر کی تردید کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ لکپاس ٹول پلازہ تا دشت کمبیلا تا عاصم آباد پر کام غیر معیاری ہے اس ضمن میں محکمہ یہ بات واضح کرنا چاہتا ہے کہ مذکورہ روڈ کی کل لمبائی 20 کلو میٹر ہے اور ابھی تک صرف 5.5 کلو میٹر پر ارتھ ورک ہوا ہے جو کہ 9 انچ پر مشتمل ہے اور اسی طرح 9 انچ کے ٹوٹل تین لیرز اور ہونگے یہاں یہ بات بھی واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اگر لیر واہز کسی بھی روڈ پر کام نا کریں تو انجینئرنگ کے حساب سے وہ روڈ ناکام ہو جائے گا اور ہم یہ بالکل نہیں چاہتے کہ عوام کے پیسوں کا استعمال غلط طریقے سے ہو اس کے علاوہ چوڑائی کی بات کی جائے تو متعلقہ ایکسین مواصلات و تعمیرات ضلع مستونگ نے بذات خود زیر تعمیر روڈ کے کام کا جائزہ لیا ہے اور چوڑائی 30 فٹ ہی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک دو جگہ جہاں باغات ہیں تو درخت کاٹنے کی وجہ سے وہاں پر چوڑائی تھوڑی کم ہے اور 5.5 کلو میٹر پر جتنا بھی کام ہوا ہوا ہے۔


Century Express Quetta


## نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تعمیر آخری مراحل میں داخل

دسمبر تک پروازوں کیلئے فعال ہوگا، بجٹ میں 3 ارب 5 کروڑ سے زائد رقم مختص

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے دوسرے گرین فیلڈ ہوائی اڈے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تعمیر آخری مراحل میں داخل ہوگئی، رواں سال کے دسمبر میں ہوائی اڈہ پروازوں کے لیے فعال ہوجائے گا، ذرائع کے مطابق مالی سال 2024-25 کے بجٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

میں پاکستان کے دوسرے گرین فیلڈ ہوائی اڈے نیو گوادر ایئرپورٹ کے لیے 3 ارب 5 کروڑ 6 لاکھ کی رقم مختص کی گئی ہے، دستاویزات کے مطابق بلڈنگ، اسٹرکچر پر 2 ارب 19 کروڑ 26 لاکھ کی رقم کے اخراجات ہوں گے، ٹیلی کمیونیکیشن ورک کے لیے 49 کروڑ 99 لاکھ روپے خرچ ہوں گے، مالی سال 2024-25 میں فرنیچر کی خریداری کے لیے 13 کروڑ خرچ ہوں گے جبکہ نقل و حمل کی خریداری پر 50 کے اخراجات ہوں گے، کنسلٹنسی ورک پر 17 کروڑ 80 لاکھ کی رقم خرچ ہوگی، گزشتہ مالی سال میں 5 ارب روپے رکھے گئے تھے، گوادر ایئرپورٹ کا آپریشنل حصہ ستمبر میں مکمل ہوگا، ایئرپورٹ آپریشنز دسمبر 2024 تک شروع ہونے کی توقع ہے، ہوائی اڈے کے آپریشنل حصے کا صرف 4 فیصد کام باقی ہے، ایئرپورٹ سے متعلقہ دیگر ترقیاتی (روڈ نیٹ ورک وغیرہ) کام دسمبر 2025 تک مکمل ہوں گے۔

## لاپتہ ماہی گیر اور اسکے بچوں کی تلاش کا آپریشن روک دیا گیا

اورماڑہ کا ماہی گیر اپنے دو بیٹوں کے ساتھ چار روز قبل سمندر میں گیا اور واپس نہ آیا

ماہی گیروں کی تلاش کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے گئے مگر کچھ پتہ نہ چل سکا، انتظامیہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ساحلی علاقے اورماڑہ کے سمندر میں چار روز قبل لاپتہ ہونے والے ماہی گیر اور اسکے دو بچوں کی تلاش کیلئے شروع کیا گیا ریسکیو آپریشن کامیابی نہ ملنے پر روک دیا گیا، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقے اورماڑہ میں شمبے نامی مقامی ماہی گیر اپنے دو بچوں محمد آصف اور احمد کے ہمراہ بدھ کے روز مچھلی کے شکار کی غرض سے (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

سمندر میں گیا مگر پھر واپس نہ لوٹا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ، پاک نیوی، پاکستان میری ٹائم سیکورٹی ایجنسی، محکمہ فشریز نے مقامی ماہی گیر کے ساتھ مل کر تینوں لاپتہ ماہی گیروں کی تلاش کیلئے ریسکیو آپریشن شروع کردیا گزشتہ چار روز سے پاکستانی سمندر کی حدود میں ماہی گیروں کی تلاش کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے گئے لیکن ان کا کچھ پتہ نہ چل سکا جس پر ریسکیو آپریشن ختم کر دیا گیا۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ سمندر میں جانے پر مکمل پابندی عائد کی گئی تھی۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated 07 JUL 2024 Page No. 14

## بلوچستان میں تجارت وسرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلاول

### ان وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے

### صوبے کی پسماندگی اور احساس محرومی کو دور کیا جا سکتا ہے، چیئرمین پی پی پی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین رکن قومی اسمبلی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان نے تجارت اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں ضرورت اس امر کی ہے کے ان وسائل کو بروکار لاتے ہوئے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کو اعتماد میں لے کر بلوچستان کی زراعت سولر سسٹم ونڈ انرجی اور دیگر شعبوں میں پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے تحت سرمایہ کاری اور کام کر کے صوبے میں معدنیات کے شعبے سے بھی مستفید ہو کر بلوچستان کو ترقی........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کی راہ پر گامزن کر کے صوبے کی پسماندگی اور عوام میں پائے جانے والے احساس محرومی کو دور کیا جا سکتا ہے اس کیلئے تاجر مرکزی کردار ادا کر سکتے ہیں

ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز دو روزہ دورے کوئٹہ کے دوران سینئر بلال خان مندوخیل کی قیادت میں ملنے والے بزنس کیمونٹی کے وفد جس میں کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے صدر حاجی ولی محمد اور کوئٹہ چیمبر آف کامرس کے نائب صدر عبدالاحد آغا پاک ایران چیمبر کے صدر اسد خان نورزئی سابق صدر ارشاد علی شاہ، نوید راجپوت، دوست محمد آغا، عطاءاللہ مینگل، ژوب چیمبر کے صدر عامر خان سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر سینئر بلال مندوخیل نے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے حوالے سے چائنا کے اعلیٰ سطحی کاروباری افراد کو کوئٹہ بلوچستان میں مدعو کیا ہے وہ اگلے ماہ ہونے والی بزنس سیمینار میں جوائنٹ ایڈونچر سمیت دیگر کاروباری مواقعوں پر بات کریں گے اگر چائنا بلوچستان سرمایہ کاری کرے گا تو مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا ہونگے بلوچستان کی قدرتی وسائل سے مالا مال اور زرخیز زمین کی بدولت لوگ خوشحال ہوں گئے کاروبار بڑھے گا کیونکہ پیپلز پارٹی روٹی، کپڑا، مکان، کے منشور کی تکمیل کر سکتے ہیں

## پشین بدامنی و دہشتگردی کا شکار ہے' آل پارٹیز کانفرنس

### آل پارٹیز پلیٹ فارم سے مسائل اجاگر کرنے کیلئے پہلی فرصت میں کوشش کی جائیگی' اے این پی' پشتونخوا نیپ

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام باچاخان مرکز پشین میں آل پارٹیز کانفرنس زیر صدارت ضلعی صدر اصغر علی ترین منعقد' جس میں عوامی نیشنل پارٹی......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کے قائم مقام مرکزی سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ روشان پیر حمیداللہ جمعیت علماء اسلام کے نائب امیر مولوی عبدالحنان پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماء حاجی اکبر اچکزئی شکر خان مسلم لیگ نواز کے علی اللہ کاکڑ پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر شیر محمد ترین اے این پی کے محمد صادق کاکڑ حاجی عبدالخالق عبدالرب آغا عبدالباری غرشین سید عالم زیب محمد یوسف ترین کمال الدین لمر اور ابراہیم شاہ نے شرکت کی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 07 JUL 2024 Page No. 15


# محرم الحرام کوئٹہ میں سیکورٹی ہائی الرٹ فول پروف اقدامات شروع

## یوم عاشور تک جلوسوں اور مجالس کیلئے اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی، لیڈی اور ٹریفک اہلکار وافسران فرائض منصبی سرانجام دیں گے

**شہر بھر کے داخلی وخارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جائے گی، جلوسوں کی سیف سٹی کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جائے گی، حکام**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پولیس نے محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے خصوصی اقدامات اور سیکورٹی ہائی الرٹ کردی یکم محرم الحرام سے 10 محرم الحرام تک جلوسوں اور مجالس کے لئے آئی جی بلوچستان پولیس نے اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی، لیڈی پولیس اور ٹریفک پولیس کے زائد افسران واہلکار فرائض منصبی سرانجام دیں گے انسپکٹر جنرل آف بلوچستان پولیس کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ڈی آئی بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

جی کوئٹہ نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے سیکورٹی پلان کو حتمی شکل دے دیا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں محرم الحرام کے دوران امام بارگاہوں میں مجالس اور اعزاداروں کے جلوسوں کو بھر پور تحفظ فراہم کرنے کے لیے کوئٹہ پولیس نے بڑے پیمانے پر حفاظتی اقدامات کیے ہیں، تمام مکاتب فکر کے علما و مشائخ ممبران امن کمیٹی اور دانشوروں سے بھی ملاقاتیں کی گئی ہیں تاکہ محرم الحرام کے ان مقدس ایام میں ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے اور اتفاق رائے سے امن وہم آہنگی کی فضا قائم کی جائے کوئٹہ بھر میں یکم محرم الحرام سے جلوس اور مجالس کی فول پروف سیکورٹی کے لیے کوئٹہ پولیس اسپیشل برانچ، سی ٹی ڈی، لیڈی پولیس اور ٹریفک پولیس کے زائد افسران کو تعینات کیا گیا ہے، شہر بھر کے داخلی اور خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جائے گی، جبکہ جلوسوں کی سیف سٹی کیمروں کے ذریعے نگرانی کی جائے گی، کسی بھی شخص کو چھت پر جانے کی اجازت نہ ہوگی، چھتوں پر مسلح پولیس اہلکار ڈیوٹیاں سرانجام دیں گے، پولیس کی بکتر بند گاڑیاں خصوصی طور پر کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مو... کی ضلعی انتظامیہ کی طرف سے ایسے علما کرام جن کے دا... میں پابندی لگائی گئی ہے ان پر کڑی نظر رکھنے کی بھی ہدایات... تاکہ وہ کسی قسم کی سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں۔

# تربت: فائرنگ سے ایک شخص قتل، دشت ندی کے قریب نعش ملی

**دشتی بازار مین روڈ پر دکان پر فائرنگ سے عابد نامی شخص جاں بحق، ندی کے قریب سے ملنے والی نعش کی شناخت ہوگئی**

تربت (بیورو رپورٹ) تربت، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق تربت دشتی بازار مین روڈ پر واقع جمیل میڈیکل اسٹور کے سامنے مرغ فروش کی دوکان پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی، فائرنگ کے باعث مرغ فروش کا کارندہ عابد ولد پیر بخش ساکن کوشک بلیدہ حال کوشک ملک آباد تربت جاں بحق ہوگیا، لاش کو ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا۔ دریں اثناء کنگانی کے علاقہ میں دشت ندی کے قریب ایک شخص کی لاش برآمد، شناخت ضلع کیچ کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

علاقہ مل گمور بگمور کے رہائشی عبدالحکیم کے نام سے کی گئی ہے، جیوانی کنگانی کے علاقہ دشت ندی کے قریب ایک شخص کی نعش برآمد ہوئی، اطلاعات کے مطابق نعش کے قریب موٹر سائیکل بھی ملی ہے نعش کی شناخت مل گمور بگمور کے رہائشی عبدالحکیم کے نام سے ہوئی ہے تاہم موت کا سبب معلوم نہیں ہوسکا۔

# حب: مسلح افراد نقدی، موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین کر فرار

**مدینہ کالونی میں ایدھی رضا کار کے گھر کا صفایا، لوٹ مار کا سلسلہ تھم نہ سکا**

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر میں ڈکیت گروہ سرگرم وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا تھانوں کے ڈی SHO,s شہریوں اور تاجروں کے جان ومال کے تحفظ میں ناکام SP کے دعوے بھی دم توڑ گئے ایک فرنٹ مین پولیس آفیسر تمام معاملات کو دیکھتے ہیں شہر میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر عوامی حلقوں اور تاجر تنظیموں کا اظہار تشویش تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب حب شہر میں سٹی تھانہ کی حدود بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

میں جام کالونی موڑ کے قریب نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار طرمان شاہنواز نامی شہری سے گن پوائنٹ پر 35 ہزار روپے زائد رقم ایک عدد CG125 موٹر سائیکل اور ایک عدد قیمتی موبائل فون لوٹ کر فرار ہو گئے جبکہ ہفتہ کے دن دیہاڑے نامعلوم چوروں نے مدینہ کالونی میں ایدھی رضا کار عبدالمنان کے گھر کے تالے توڑ کر گھر کا صفایا کر دیا وہ ہفتہ کی صبح اپنی ڈیوٹی پر آگئے بعدازاں شام کو واپس پہنچے تو گھر کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے عبدالمنان کے مطابق نامعلوم چور گھر میں رکھی ہوئی نقد رقم سونے کے زیورات اور دیگر سامان جنکی مالیت تقریباً ساڑھے 5 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے نامعلوم چور لیکر فرار ہو گئے واضح رہے کہ حب شہر میں روزانہ کی بنیاد پر چوری ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتوں کا سلسلہ ایک بار اپنے عروج پر پہنچ چکا ہے لیکن پولیس کی جانب سے حب کے شہریوں اور تاجروں کے جان ومال کے تحفظ کے حوالے سے صرف زبانی کلامی دعوے کئے جارہے ہیں لیکن عملی اقدامات کا فقدان ہے اس حوالے سے SP حب کی خاموشی بھی معنی خیز ہے ذرائع بتاتے ہیں کہ SP آفس اور انکے تمام معاملات ایک SHO کے سپرد ہیں پولیس تھانوں میں نفری کی کمی کا رونا رویا جاتا ہے لیکن ایرانی تیل اور دیگر اسمگل شدہ سامان سے بھری گاڑیوں سے مبینہ بھتہ خوری کیلئے درجنوں اہلکار مقرر ہیں اور پورے سسٹم کو ایک SHO نے ہائی جیک کر رکھا ہے حب کے عوامی حلقوں اور تاجر تنظیموں نے IG پولیس بلوچستان اور DIG پولیس قلات رینج سے وارداتوں کی روک تھام کیلئے فوری اقدامات اور حب پولیس کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 07 JUL 2024 Page No. 16


## بلاول بھٹوزرداری کا دورہ کوئٹہ، بلوچستان سے محرومی وپسماندگی کے خاتمے کی توقعات!

بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت قائم ہے۔ پیپلز پارٹی نے 2008 میں بھی مرکز اور بلوچستان میں حکومت بنائی تھی ،اس دور میں بلوچستان پیکج ، این ایف سی ایوارڈ سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے بلوچستان کو بہت زیادہ اہمیت دی تھی ۔اب ایک بار پھر بلوچستان کے عوام نے پیپلز پارٹی سے امیدیں اورتوقعات باندھ رکھی ہیں کہ بلوچستان میں معاشی اورسیاسی مسائل کوترجیحی بنیادوں پرحل کیا جائے گا۔چونکہ یہ خطہ بہت زیادہ پسماندہ اور بنیادی سہولیات سے محروم ہے،اسے ترقی کی دوڑ میں شامل کرکے دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے گا جس طرح سندھ میں تعلیم،صحت،ٹرانسپورٹ کی سہولیات سمیت سیلاب متاثرین کے مسائل کوہنگامی بنیادوں پر حل کیا گیا ہے اسی طرح بلوچستان میں بھی یہ تمام کام ترجیحی بنیادوں پر ہونگے ، امن اور خوشحالی دونوں کو فوقیت دی جائے گی۔گزشتہ دنوں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوئٹہ کا دورہ کیا، سیاسی جماعتوں، تاجر برادری سے ملاقاتیں کیں ،وفود سے درپیش مسائل اور ان کے حل پر گفتگو کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی دہشت گردی کے حوالے سے واضح مؤقف رکھتی ہے،آپریشن عزم استحکام کے حوالے سے کل جماعتی کانفرنس (اے پی سی ) بلائی گئی تو شرکت کریں گے، اے پی سی میں نمائندے بھیجیں گے،بلوچستان پر مؤقف سامنے رکھیں گے اور پیپلز پارٹی بھی اے پی سی میں اپنی رائے دے گی ۔وفاق میں بلوچستان کے مسائل کو اجاگر کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان اوران کی ٹیم کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔بلوچستان کے عوام کو ہر ممکن ریلیف دیں گے۔عوام کوصحت کی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، بلوچستان کے صحت کے نظام میں بہتری لائیں گے، سندھ کی طرح بلوچستان میں بھی صحت کی مفت سہولیات فراہم کریں گے اور نصیرآباد میں گمبٹ کی طرز کا ہسپتال بنائیں گے۔خواتین کو بااختیار بنانا چاہتے ہیں، خواتین کو بلاسود قرض فراہم کریں گے کیونکہ پیپلز پارٹی چاہتی ہے کہ خواتین ہر شعبے میں کردارادا کریں،خواتین کو مالکانہ حقوق پرگھر دیں گے، نوجوانوں کو آگے بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے، بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف میں اضافہ کریں گے، اور بلوچستان کے تمام اضلاع میں ریسکیو 1122 کی سہولیات فراہم کریں گے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ روٹی، کپڑا اور مکان پیپلز پارٹی کا منشور ہے، ہمارا مقابلہ غربت اور مہنگائی سے ہے، پسماندہ طبقات کی فلاح وبہبود کے لیے کام کیا جارہا ہے جبکہ سولر سسٹم کے ذریعے عوام کو بجلی کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہے۔بہرحال اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی وفاق میں مضبوط پوزیشن میں ہے اور ن لیگ کے ساتھ اتحادی بھی ہے گوکہ کابینہ کا حصہ نہیں مگر پیپلز پارٹی کی ن لیگ کے ساتھ شراکت داری موجود ہے۔بلوچستان کے متعلق بلاول بھٹوزرداری اپنے اعلانات پرعملدرآمد سمیت دیگر اہم منصوبے وفاق سے بلوچستان کو دلائیں گے،اس کیلئے بلوچستان میں اپنی جماعت اوراتحادیوں کی تجاویز کومد نظر رکھا جائے تاکہ بلوچستان میں موجود محرومی و پسماندگی کا ازالہ ہوسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 07 JUL 2024

Page No. 17

# بلوچستان حکومت امن وامان قائم کرنے کیلئے اقدامات کررہی ہیں

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ حالیہ الیکشن شفاف نہیں تھے لیکن مسترد کرتا ہوں کہ سب سے بڑی دھاندلی ہوئی الیکشن میں دھاندلی کا سلسلہ ختم کرنا ہے تو سیاستدانوں کو اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا، کہ میچ درست چلے اور نتیجہ تسلیم بھی کیا جائے انتخابات میں دھاندلی سے متعلق الیکشن ٹریبونلز میں کیسز چل رہے ہیں الیکشن ریفارمز میں پیپلز پارٹی بہترین کردار ادا کررہی ہے الیکشن ریفارمز میں کبھی کوئی پارٹی تو کبھی کوئی سیاستدان مکر جاتا ہے دھاندلی کے بینیفشری ہونے کے الزامات کو مسترد کرتا ہوں دھاندلی کی سب سے بڑی بینفشری پیپلز پارٹی نہیں ہے سرفراز بگٹی پیپلز پارٹی کا وزیراعلیٰ ہے ان کا فرض ہے کہ ہمارا منشور پورا کریں، وزیراعلیٰ بدلنا آپ اور بلوچستان کی عادت ہے ہم تبدیل نہیں کرتے ہیں بلکہ اپنے مینڈیٹ کو پورا کرینگے وفاق سے بلوچستان کیلئے ترقیاتی منصوبے لائیں گے فاقی پی ایس ای میں شرکت کرکے بلوچستان کے امن وامان کیلئے آواز اٹھائیں گے وفاق سے ہمارا اعتراض ٹیکسز سے نہیں ہے ریڈ سیف ٹیکسز سے ہے وفاقی حکومت نے ٹیکسز صرف غریب عوام پر لگائے ہیں بلوچستان کے ریونیو میں بہتری آرہی ہے بلوچستان کے سیلاب متاثرین کو گھر اور مالکانہ حقوق دیئے جائیں پاکستان پانچ جولائی یوم سیاہ کے دن سے بدحالی کی طرف گامزن ہوا ہے ملک میں الیکشن صاف وشفاف نہیں ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ سوچ تبدیل ہونی چاہیے کہ سیاسی قوتوں کے بجائے اور دہشت گردوں سے بات ہونی چاہیے یہ سوچ تبدیل ہونی چاہیے کہ اسٹیبلشمنٹ اور جنرلز سے بات ہونی چاہیے یہ سوچ ہونی چاہیے کہ سیاسی قوتوں سے بات ہونی چاہیے اور اتفاق رائے پیدا کرنی چاہیے ان کا کہنا تھا کہ ہم اپنا مینڈیٹ اتحادیوں کیساتھ پورا کریں گے ہم نےجو کام کا آغاز کیا ہے امید ہے ہمیں وہ کام پورا کرنے دیا جائے۔




وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تمام قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کا اعلان کیا ہے۔ بلوچستان کے تمام اضلاع میں کسی بھی شہری کی زمین یا جائیداد پر قبضہ ہوا ہے تو وہ اپنی شکایات مکمل دستاویزات، پتہ اور رابطہ نمبر کے ساتھ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں قائم خصوصی شکایت سیل پر فوری ارسال کریں۔

ہماری عوام کی سہولت کے پیش نظر، صوبے بھر میں قبضہ مافیا کے خلاف شکایت کے فوری ازالہ کے لئے وزیر اعلیٰ شکایت سیل دستیاب ہے۔ عوام الناس اپنی شکایات مکمل دستاویزات کے ساتھ درج کرا سکتے ہیں، جن پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**قبضہ گروپ کے خلاف - آپ کی حکومت، آپکے ساتھ**

# BBZ squashes CM change Rumors

Bilawal Bhutto Zardari, recently addressed rumors about a possible change in the Chief Minister of Balochistan. He firmly denied these reports, saying, Peoples Party never change our chief ministers. It might be a habit of Balochistan and of your own to change the CM, but PPP has no such plan. This clear statement from Bilawal Bhutto Zardari highlights the PPP's commitment to stability in leadership, which is crucial for the progress and development of Balochistan. There had been speculation on social media that Sarfaraz Bugti, the Chief Minister of Balochistan, might be replaced by a member of the JJUIF to encourage the party to join the provincial coalition government. Both Bhutto Zardari and Maulana Fazlur Rehman, the JUIF leader, denied these rumors. Rehman reiterated that his party had no intention of joining any government. This unified denial helps to put an end to the uncertainty that can disrupt governance. Bilawal Bhutto Zardari's statement about not changing chief ministers underscores the PPP's belief in stable and continuous leadership. Frequent changes in leadership can lead to disruptions and hinder long term planning. By committing to keeping Bugti in his position, the PPP aims to ensure that the province can continue on its path of development without unnecessary interruptions. During his press conference, Bilawal Bhutto Zardari also discussed the recent elections, which he described as not transparent. He emphasized that the biggest issue is to end the cycle of rigging in elections. To achieve fair and accepted results, politicians need to create a consensus. He mentioned that cases related to election rigging are still ongoing in tribunals and that the PPP is actively working on election reforms.

Chairman Peoples Party, along with Balochistan Chief Minister Sarfaraz Bugti, highlighted several development initiatives for the province. They emphasized the importance of improving health facilities, drawing on successful models from Sindh. For example, they plan to build a hospital in Naseerabad similar to the Gambat Institute of Medical Sciences and the National Institute of Cardiovascular Diseases NICVD in Sindh. The PPP also aims to empower women by providing interest-free loans and ensuring housing with ownership

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 07 JUL 2024 Page No.



کوئٹہ، گورنر جعفر مندوخیل سے سابق وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے میاں خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں